14/2/25

C.O

AD (Pub)

14/02/25

DD (P4PR)

E-mail:ausafd@gmail.com

اعلیٰ صحافتی اوصاف کا علمبردار

http://www.dailyausaf.com

روزنامہ اوصاف لاہور

DAILY AUSAF LAHORE

چیف ایڈیٹر: مہتاب خان — ایڈیٹر: محسن بلال خان

جلد: 27 | جمعۃ المبارک، 15 شعبان المعظم 1446ھ، 14 فروری 2025ء، یکم پھاگن 2081ب، صفحات 8، قیمت 30 روپے | شمارہ: 99



صوبائی وزیر سہیل شوکت بٹ لیہ میں دھی رانی پروگرام کی تقریب سے خطاب کررہے ہیں

# دھی رانی پروگرام، لیہ میں 88 جوڑوں کی اجتماعی شادی

## مریم نواز کی طرف سے سلامی، جہیز پیش، مبارکباد، نیک خواہشات کا اظہار

## وزیراعلیٰ کا خواب حقیقت میں ڈھل گیا، صوبائی وزیر سہیل شوکت بٹ

لاہور (وقائع نگار) بیٹیاں سب کی سانجھی، فلاحی ریاست کا ایک اور خواب حقیقت میں ڈھل گیا۔ ضلع لیہ میں وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا دھی رانی پروگرام (باقی صفحہ 6بقیہ نمبر 42)

اوصاف | اجتماعی شادی | 42

تاریخی ثقافت کا رنگ بھرنے کی شاندار تقریب مقامی مارکی میں منعقد ہوئی۔ دھی رانی پروگرام کے روح رواں صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر سہیل شوکت بٹ نے دھی رانی پروگرام میں بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ دھی رانی پروگرام کے تحت 88 جوڑوں کو رشتہ ازدواج میں بندھا گیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کے دھی رانی پروگرام کے تحت جوڑوں کو 88 لاکھ روپے کی سلامی بھی پیش کی گئی۔ تقریب میں 1700 سے زائد مہمانوں کی مہمان نوازی کا خصوصی اہتمام کیا گیا تھا۔ تقریب میں سیکرٹری سوشل ویلفیئر جاوید اختر محمود، ڈپٹی کمشنر امیر ابیدار، ڈی پی او محمد علی وسیم، ممبر صوبائی اسمبلی علی اصغر خان گورمانی، سابق ممبران اسمبلی ثقلین شاہ بخاری، صاحبزادہ فیض الحسن سواگ، سابق صوبائی وزرا، ملک احمد علی اولکھ، مہر اعجاز احمد اچلانہ، سابق صوبائی ممبران اسمبلی چوہدری طاہر رندھاوا، عبد الشکور سواگ، رفاقت گیلانی، محبوب الحسن سواگ، مہر اسلم سمرا، ڈویژنل ڈائریکٹر سول ویلفیئر مہر مظہر عباس، ڈپٹی ڈائریکٹر صائمہ سیماب، سوشل ویلفیئر آفیسر مخدوم جاوید عباس، اسسٹنٹ کمشنرز حارث حمید خان و نور محمد، افسران، معززین علاقہ، میڈیا نمائندگان اور نوبیاہتا جوڑوں کے عزیز و اقارب موجود تھے۔

14/2/25

C.O

AD(Pub)

14/2/25

DD(P&PR)


وہی ہے مشرق و مغرب کا مالک (القرآن)

روزنامہ

لاہور

چیف ایگزیکٹو
حاجی شوکت علی کاکڑ

# مشرق

چیف ایڈیٹر: عبدالباقی کاکڑ

جلد: 14 | جمعۃ المبارک 15 شعبان المعظم 1446ھ 14 فروری 2025ء 2 پھاگن 2081 ب صفحات: 10 قیمت 30 روپے | شمارہ: 331


## پنجاب دھی رانی پروگرام فلاحی منصوبہ ہے: سہیل شوکت بٹ

### پنجاب کی بیٹی نے حقیقی معنوں میں عملی خدمت کر کے غریب لوگوں کا دل جیت لیا

لاہور (اپنے رپورٹر سے) وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کا ''پنجاب دھی رانی پروگرام'' ریاست مدینہ کے فلاحی اقدامات کا ایک عملی نمونہ ہے، پنجاب کی بیٹی نے حقیقی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر3)



معنوں میں عملی خدمت کر کے پنجاب کے لوگوں کا دل جیت لیا ہے۔ آج 75 خوش قسمت جوڑوں کی اجتماعی شادی کی تقریب میں وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے لوگوں کی والہانہ محبت و عقیدت اس بات کی دلیل ہے کہ واقعی ریاست نے ایک ماں کا کردار ادا کیا ہے۔

CS CamScanner

14/2/25
C.O
AD (Pub)
14/02/25
DD (P&PR)

بانی وقائد: ضیا شاہد مرحوم
روزنامہ خبریں لاہور
Daily KHABRAIN
چیف ایڈیٹر: امتنان شاہد
جلد 34 | جمعۃ المبارک 15 شعبان المعظم 1446ھ 14 فروری 2025ء 3 پھاگن 2081 ب صفحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ 204


لاہور: نابینا افراد نے اپنے مطالبات کے حق میں پریس کلب کے سامنے دھرنا دے رکھا ہے۔

CamScanner

14/2/25

C.O

AD (Pub)

14/02/25

DD (P&PR)

THE DAILY JANG LAHORE

روزنامہ جنگ لاہور

رجسٹرڈ سی پی ایل 140 فون 83-36367480

بانی ..... میر خلیل الرحمٰن

صفحات 10 قیمت 30 روپے

جلد 46 | جمعۃ المبارک 15 شعبان المعظم 1446ھ 14 فروری 2025ء 3 پھگن 2081ب | شمارہ 125

# دھی رانی پروگرام، لیہ 88، بھکر میں 75 جوڑوں کی اجتماعی شادی

## فی جوڑا 1 لاکھ روپے سلامی، صوبائی وزیر سہیل شوکت، ایم پی ایز، ڈی سیز امیر ابیدار، محمد اشرف ودیگر شریک

لاہور (خبر نگار) وزیر اعلیٰ مریم نواز کا دھی رانی پروگرام، لیہ میں 88 جبکہ بھکر میں 75 جوڑوں کی اجتماعی شادی کی تقریب ہوئی۔ صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر سہیل شوکت بٹ تقاریب کے مہمان خصوصی تھے۔ سیکرٹری سوشل ویلفیئر جاوید اختر محمود، ڈپٹی

صفحہ 4 بقیہ نمبر 9

| بقیہ | اجتماعی شادی | 9 |
|---|---|---|

کمشنر لیہ امیر ابیدار، ڈپٹی کمشنر بھکر محمد اشرف، ڈی پی اوز، ایم پی ایز احمد نواز خان نوانی، علی اصغر خان گورمانی، عامر عنایت خان شہانی ودیگر افسران موجود تھے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کی طرف سے ہر بچی کو 2 لاکھ روپے کا سامان بطور تحائف اور ہر جوڑے کو ایک لاکھ روپے سلامی دی گئی ہے جبکہ مہمانوں کیلئے ایک پر تکلف کھانے کا بھی اہتمام کیا گیا۔ 35 اضلاع میں 1500 جوڑوں کی رخصتی یقینی بنائی ہے جس کا پہلا مرحلہ کل 15 فروری کو مکمل ہوگا جبکہ دوسرے مرحلہ میں 3 ہزار جوڑوں کا گھر بسائیں گے۔ صوبائی وزیر نے ڈی سی لیہ اور ان کی ٹیم کو شاندار انتظامات پر خراج تحسین پیش کیا۔

# مذاکرات کامیاب، نابینا افراد کا لاہور پریس کلب کے باہر دھرنا ختم

لاہور (خبر نگار) پنجاب حکومت اور نابینا افراد کے درمیان ہونے والے مذاکرات کامیاب نابینا

صفحہ 5 بقیہ نمبر 15

| بقیہ | مذاکرات کامیاب | 15 |
|---|---|---|

افراد نے لاہور پریس کلب کے سامنے چار دن سے جاری دھرنا عید الفطر تک ختم کرنے کا اعلان کر دیا۔ پریس کلب میں ہونے والے مذاکرات میں ڈی جی سوشل ویلفیئر، بلائینڈ ایوسی ایشن کے صدر نبیل ستی، صدر کلب ارشد انصاری ودیگر موجود تھے۔ ڈی جی سوشل ویلفیئر نے یقین دلایا کہ ملازمتوں سے فارغ نابینا افراد کو رمضان المبارک سے پہلے معقول معاوضہ دیا جائے گا جبکہ دیگر مطالبات کے حل کے لیے سنجیدہ کوششیں کی جائیں گی۔

14/2/25
C.O
ADC(Pub)
14/02/25
DD(P&PR)

لاہور/راولپنڈی/اسلام آباد/کراچی/پشاور/کوئٹہ/فیصل آباد اور سرگودھا سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اخبار

Daily Nai Baat

روزنامہ نئی بات لاہور

چیف ایڈیٹر: چوہدری عبدالرحمن

| جلد | جمعۃ المبارک 15 شعبان المعظم 1446ھ 14 فروری 2025ء 2 پھاگن 2081 ب | صفحات 8 | قیمت 30 روپے | شمارہ |
|---|---|---|---|---|

# دھی رانی پروگرام کے تحت 88 جوڑوں کی اجتماعی شادی

## لیہ میں تقریب، جوڑوں کو ایک لاکھ کی سلامی، 2 لاکھ کا جہیز فراہم کیا گیا

## صوبائی وزیر سہیل شوکت کی شرکت، مریم نواز کی طرف سے مبارکباد پیش کی

لاہور، لیہ (جنرل نیوز رپورٹر، مانیٹرنگ ڈیسک) پنجاب دھی رانی پروگرام کے تحت اجتماعی شادیوں کی تقریب کا انعقاد، 88 جوڑے شادی کے بندھن میں بندھ گئے،حکومت کی جانب سے شادی شدہ جوڑوں کو ایک لاکھ سلامی اور دو لاکھ مالیت کا جہیز فراہم کیا (صفحہ 4 پر بقیہ نمبر30)



گیا، شادی کی تقریب میں صوبائی وزیر سوشل ویلفیئر سہیل شوکت بٹ نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی، سہیل شوکت بٹ نے کہا کہ بیٹیوں کی باعزت رخصتی کر کے ریاست ماں کا کردار ادا کر رہی ہے، ریاست مدینہ کے نام پر ماضی میں بدتہذیبی کا کلچر پروان چڑھایا گیا، صوبائی وزیر نے کہا کہ وزیر اعلیٰ کے پی کو مریم نواز نے کارکردگی کے میدان میں کلین بولڈ کر دیا، مریم نواز کی طرف سے بیٹیوں کی رخصتی پر والدین کو مبارکباد پیش کرتا ہوں، سہیل شوکت بٹ نے کہا کہ وزیر اعلیٰ محترمہ مریم نواز شریف کا پنجاب دھی رانی پروگرام ریاست مدینہ کے فلاحی اقدامات کا ایک عملی نمونہ ہے، تقریب میں ارکان پارلیمنٹ ایم پی اے احمد نواز خان نوانی، ایم پی اے عامر عنایت خان شہانی، ڈپٹی کمشنر محمد اشرف، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر شہزاد رفیق اعوان، ضلعی صدر مسلم لیگ ن عبدالمجید خان خنانخیل، شعیب رشید خان نوانی، ڈویژنل ڈائریکٹر سماجی بہبود شاکرہ نورین، ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال ملک مشتاق حسین، اسسٹنٹ کمشنرز خضر رزاق منج، ملک محمد اشرف، محبوب اقبال ہنجرا، ملک محمد اشرف، اسامہ امانت سمیت سیاسی و سماجی شخصیات اور میڈیا نمائندگان نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ وزیر اعلیٰ پنجاب کا یہ فلاحی منصوبہ پنجاب کے تمام اضلاع میں جاری رہے گا اور انشاء اللہ دوسرے فیز پر کام کا آغاز رمضان المبارک کے فوری بعد شروع کر دیا جائے گا۔ سہیل شوکت بٹ نے نوبیاہتا جوڑوں کیساتھ گروپ فوٹو بھی بنوائے۔

CamScanner

DAILY DUNYA LAHORE www.dunya.com.pk

ایڈیٹر انچیف
میاں عامر محمود

روزنامہ
دنیا
لاہور

جلد نمبر 35 | جمعۃ المبارک، 15 شعبان المعظم 1446ھ، 14 فروری 2025ء، 3 پھاگن 2081 ب | شمارہ 108

14/2/25
C.O
AD (Pub)
14/02/25
DD (P&PR)

# مذاکرات کامیاب، نابینا افراد کا دھرنا ختم، احتجاج موخر

## ڈی جی سوشل ویلفیئر، صدر پریس کلب ارشد انصاری نے مذاکرات کیے

## فارغ کیے گئے نابینا افراد کو معقول معاوضہ دینے، مسائل حل کی یقین دہانی

لاہور (سپیشل رپورٹر) پنجاب حکومت اور نابینا افراد میں مذاکرات کامیاب، نابینا افراد نے لاہور پریس کلب کے باہر 4 دن سے جاری دھرنا ختم اور عید الفطر تک احتجاج موخر کر دیا۔ صدر لاہور پریس کلب ارشد انصاری نے مذاکرات کی کامیابی میں اہم کردار ادا کیا۔ لاہور پریس کلب میں مذاکرات میں ڈی جی سوشل ویلفیئر، صدر بلائنڈ ایسوسی ایشن نبیل ستی، جنرل سیکرٹری فیاض، صدر پریس کلب ارشد انصاری، جوائنٹ سیکرٹری عمران شیخ، گورننگ باڈی ممبران الفت مغل، رانا شہزاد، سرمد فرخ خواجہ، صدر پنجاب اسمبلی پریس گیلری کمیٹی خواجہ نصیر، سینئر صحافی رئیس انصاری، جنرل سیکرٹری پی یو جے قمر الزمان بھٹی، صدر ایسوسی ایشن آف فوٹو جرنلسٹ لاہور پرویز الطاف شریک تھے۔ نابینا افراد نے 5 مطالبات پیش کیے۔ ڈی جی سوشل ویلفیئر نے مسائل حل کیلئے قائم اعلیٰ اختیاراتی حکومتی کمیٹی کا نوٹیفکیشن دکھایا اور کہا فارغ کیے گئے نابینا افراد کو ماہ رمضان سے پہلے معقول معاوضہ دیا جائے گا اور مسائل حل کیلئے سنجیدہ کوششیں کی جائینگی۔ ارشد انصاری نے یقین (صفحہ 5 بقیہ نمبر 2)



لاہور: نابینا افراد نے مطالبات کی منظوری کیلئے پریس کلب کے باہر دھرنا دے رکھا ہے

**بقیہ نمبر 2** دھرنا ختم

دلایا لاہور پریس کلب اور صحافی برادری نابینا افراد کیساتھ کھڑی ہے، حکومت کو مسائل حل کیلئے کچھ وقت دیا جائے۔ نابینا افراد نے کہا انہیں آپ پر اعتماد ہے اور مذاکرات میں پیشرفت اور ساتھ دینے پر لاہور پریس کلب کا شکریہ ادا کیا۔

CamScanner

14/2/25
C.O
AD (Pub)
14/02/25
DD (P&DR)

DAILY
NAWA-I-WAQT
LAHORE

روزنامہ
نوائے وقت
لاہور
بانی حمید نظامی مرحوم
معمار مجید نظامی مرحوم
ایڈیٹر رمیزہ مجید نظامی

لاہور، کراچی، راولپنڈی/اسلام آباد، ملتان، کوئٹہ اور گوادر سے بیک وقت شائع ہوتا ہے

جلد | جمعۃ المبارک 15 شعبان المعظم 1446ھ 14 فروری 2025ء 2 پھاگن 2081 ب | صفحات | رجسٹرڈ نمبر سی پی ایل | شمارہ

# حکومت سے مذاکرات کامیاب، نابینا افراد کا لاہور پریس کلب کے سامنے دھرنا ختم

## ڈی جی سوشل ویلفیئر نے مطالبات کے حل کیلئے قائم اعلیٰ اختیاراتی کمیٹی کا نوٹیفکیشن بھی دکھایا

لاہور (لیڈی رپورٹر) پنجاب حکومت کے ساتھ مذاکرات کامیاب ہونے پر نابینا افراد نے لاہور پریس کلب کے سامنے چار دن سے جاری دھرنا ختم کرنے کا اعلان کردیا۔ لاہور پریس کلب کے سامنے چار دن سے اپنے مطالبات کے حق میں دھرنا دینے والے نابینا افراد اور پنجاب حکومت کے درمیان ہونے والے مذاکرات کامیاب ہو گئے جس کے بعد نابینا افراد نے صفحہ 6 پر بقیہ نمبر 31



پنجاب حکومت کے ساتھ مذاکرات کی کامیابی سے قبل لاہور پریس کلب کے سامنے نابینا افراد نے دھرنا دے رکھا ہے

بقیہ 31 | نابینا دھرنا

عیدالفطر تک احتجاج موخر کردیا ہے۔ لاہور پریس کلب میں ہونے والے مذاکرات میں ڈی جی سوشل ویلفیئر، بلائنڈ ایسوی ایشن کے صدر نبیل ستی، جنرل سیکرٹری فیاض، لاہور پریس کلب کے صدر ارشد انصاری، اور دیگر موجود تھے۔ نابینا افراد نے حکومتی ٹیم کے سامنے اپنے پانچ بنیادی مطالبات رکھے جس میں ملازمتوں سے نکالے گئے ملازمین کی بحالی اور تنخواہوں کی ادائیگی وغیرہ مطالبات شامل تھے۔ ڈی جی سوشل ویلفیئر نے پنجاب حکومت کی جانب سے نابینا افراد کے مطالبات کے حل کے لیے قائم اعلیٰ اختیاراتی کمیٹی کا نوٹیفکیشن دکھایا۔

CamScanner

چیف ایڈیٹر: محسن نقوی
گروپ ایڈیٹر: نوید چودھری
ABC Certified
DAILY 42
LAHORE
UAN: 111-2489-42 FAX: 042-35407184
جلد نمبر:13 | جمعۃ المبارک 14 فروری 2025ء، 15 شعبان المعظم 1446ھ، 2 پھاگن 2081ب، صفحات 8، قیمت 30 روپے | شمارہ:137

14/2/25
C.O
AD (Pub)
14/02/25
DD (P&PR)

# ڈی جی سوشل ویلفیئر سے مذاکرات، نابینا افراد کا دھرنا موخر

## یکم رمضان تک مطالبات منظور کرنے کی یقین دہانی کرائی گئی ہے، نابینا افراد

شملہ پہاڑی چوک (رومیل الیاس) نابینا افراد نے ڈی جی محکمہ سوشل ویلفیئر کے ساتھ مذاکرات کے بعد دھرنا موخر کر دیا۔ بے روزگار نابینا افراد نے مطالبات کی منظوری کے لئے پریس کلب کے باہر پانچ روز سے دھرنا دے رکھا تھا۔ ڈی جی سوشل ویلفیئر طارق قریشی کی جانب سے یکم رمضان تک مطالبات منظور ہونے کی یقین دہانی پر دھرنا موخر کر دیا گیا۔ دھرنے میں پنجاب بھر سے بے روزگار نابینا افراد (باقی صفحہ 7 بقیہ 42)

بقیہ 42 نابینا افراد

شریک تھے۔ نابینا افراد کے مطابق محکمہ سوشل ویلفیئر نے ایک بار پھر یکم رمضان تک مطالبات منظور کرنے کی یقین دہانی کرائی ہے، امید ہے اس بار ہمارے ساتھ کیا گیا وعدہ پورا کیا جائے گا، مطالبات منظور نہ ہونے کی صورت میں ڈیڈ لائن کے بعد دوبارہ دھرنا دیا جائے گا۔

14/2/25
C.O
AD (Pub)
14/02/25
DD (P&PR)

www.jehanpakistan.pk
ABC CERTIFIED
MEMBER.APNS,CPNE
روزنامہ
جہان پاکستان
لاہور
ایڈیٹر انچیف اویس رؤف
جلد 13 | جمعۃ المبارک 15 شعبان المعظم 1446، 14 فروری 2025، 3 پھاگن 2079 ب | شمارہ 151 | صفحات 8 | قیمت 30 روپے



لاہور: نابینا افراد نے پریس کلب کے سامنے اپنے مطالبات کے حق میں دھرنا دے رکھا ہے

CamScanner